بینک دولت پاکستان

شعبہ اسلامی بینکاری

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

آئی بی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 1 برائے 2021ء　　　　3 فروری 2021ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز،

تمام اسلامی بینک، اسلامی بینکاری کے ذیلی ادارے اور

اسلامی بینکاری کی شاخوں کے حامل تمام روایتی بینک

محترمہ / محترم،

اسلامی بینکاری اداروں کے لیے شریعہ گورننس فریم ورک

براہِ کرم محولہ بالا عنوان پر شعبہ اسلامی بینکاری کا سرکلر نمبر 1 برائے 2018ء بتاریخ 7 جون 2018ء کا پیرا 31 الف (v) ملاحظہ کیجیے۔

2۔ اس حوالے سے موجودہ پیرا 31 الف (v) کو درج ذیل سے تبدیل کر دیا گیا ہے:

"پاکستان میں شریعہ بورڈ کے ارکان، ماسوائے ریزیڈینٹ شریعہ بورڈ رکن، زیادہ سے زیادہ تین اسلامی بینکاری اداروں میں خدمات انجام دے سکتے ہیں، تاہم اسلامی بینکاری ادارہ اس بات کو یقینی بنائے کہ اس کے شریعہ بورڈ کے کم از کم 2 ارکان (ریزیڈینٹ شریعہ بورڈ رکن کے علاوہ) ایسے ہوں جو کسی اور اسلامی بینکاری ادارے کے شریعہ بورڈ میں نہ ہوں۔ لہٰذا ہر اسلامی بینکاری ادارے کے شریعہ بورڈ، بشمول ریزیڈینٹ شریعہ بورڈ رکن، میں تین منفرد ارکان موجود ہوں گے۔"

3۔ درج بالا تبدیلی یکم جولائی 2021ء سے نافذ العمل ہو گی۔ تاہم اسلامی بینکاری اداروں کو یہ ترغیب دلائی جاتی ہے کہ وہ درج بالا ترمیم کی روشنی میں اپنے شریعہ بورڈ کی تشکیل نو کا فی الفور آغاز کر دیں۔

4۔ اس حوالے سے تمام دیگر ہدایات برقرار رہیں گی۔

5۔ براہِ مہربانی وصولی سے مطلع فرمائیے۔

آپ کا مخلص

(غلام محمد)

ڈائریکٹر